© rasailojaraid.com



[صبا حسنی صالح و تعمیری ادب کے بزرگ شاعروں میں سے ہیں۔ زیر نظر مثنوی میں انھوں نے "تجدید دین کی تاریخ کو منظوم پیکر میں پیش کیا ہے" (ابن فرید)۔ مختلف عنوانات کی طویل مسدس نظمیں۔ مشاہیر امت کے دینی کارناموں اور تاریخ اسلام کے خاص خاص وقائع کا ذکر۔ رئیس امروہوی، نعیم صدیقی اور ابن فرید کی تقاریظ]۔

☆ ماہنامہ اذان سحر، مدیر: ملک عباس اختر اعوان۔ پتا: ۴۲ چیمبرلین روڈ، لاہور۔ شمارہ جنوری ۲۰۰۰ء، صفحات: ۲۵۶۔ قیمت: ۲۵ روپے [" نوجوان نسل کا پہلا بین الاقوامی ڈائجسٹ" نئی پرانی دل چسپ اور مفید تحریروں پر مشتمل۔ پرچے کو معیاری بنانے کے لیے ابھی خاصی توجہ اور محنت کی ضرورت ہے]۔

☆ سرزمین موسیٰؑ، محمد الیاس اظہر الازہری۔ ناشر: المجاہد پبلشرز، اردو بازار، گوجرانوالہ۔ صفحات: ۱۹۲۔ قیمت: ۶۰ روپے [مولف جامعہ الازہر مصر میں زیر تعلیم رہے۔ ذاتی مشاہدات اور تجربات کے ساتھ سرزمین مصر، مصریوں اور تاریخی عمارات و مقامات کا تعارف۔ بہ قول حافظ محمد ادریس: "بہت دل چسپ اور معلومات افزا کتاب"۔ چھپائی خراب]۔

☆ آئیڈیل وے، طلعت افشاں فیروز۔ ناشر: ادارہ ابلاغ فن و ادب، کراچی۔ صفحات: ۱۴۴۔ قیمت: ۴۰ روپے۔ [بچوں کی تعلیم و تربیت کے لیے، مختلف عنوانات کے تحت، زیادہ تر سیرت پاکؐ اور احادیث نبویؐ کے واقعات اور نصائح۔ ص ۵۰ پر علامہ اقبال کا اور ص ۳۰ پر نعیم صدیقی کا شعر غلط]۔


ڈیرہ غازیخان میں تحریکی و دینی لٹریچر کا مرکز

مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ، سید قطب شہیدؒ، امین احسن اصلاحیؒ، مفتی محمد شفیعؒ، خرم مرادؒ، طالب الہاشمی، ڈاکٹر خالد غزنوی اور دنیائے اسلام کے دیگر جید مفکر و مفسر علمائے کرام کا جملہ لٹریچر

ترجمان القرآن، ایشیا، فرائیڈے اسپیشل، افکار معلم، جہاد کشمیر، مجاہد، خواتین میگزین، بتول، نور

دیگر رسائل اور کتب بھی دستیاب ہیں

مکتبہ تعمیر انسانیت: درمیانی سڑک بلاک اے۔بی، ڈیرہ غازی خان


© rasailojaraid.com